06.11.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

Music

---------------------------

* بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت 121 اسمبلی حلقوں میں آج پولنگ کا عمل جاری ہے۔ دوپہر ایک بجے تک 42.31 فیصد پولنگ درج کی گئی۔

* بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے تشہیری مہم تیز ہوگئی ہے۔ NDA اور عظیم اتحاد کے رہنما انتخابات والے حلقوں کا دورہ کر رہے ہیں۔

* INS Ishkakکو آج دوپہر کوچی بحری اڈے پر بھارتی بحریہ میں شامل کیا جائے گا۔

* اسرائیل نے کہا ہے کہ وہ غزہ کے اپنے کنٹرول والے علاقوں سے حماس لڑاکوں اور اُن کی سرنگوں کا صفایہ جاری رکھے گا۔

* فلیپنز کے صدر Ferdinand Marcos جونیئر نے سمندری طوفان Kalmaegi میں 114 لوگوں کی اموات اور سینکڑوں لوگوں کے لاپتہ ہونے کے بعد ملک میں ایمرجنسی کا اعلان کردیا ہے۔

* اور کرکٹ میں: بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان پانچ ٹی۔ٹوئینٹی میچوں کی سیریز کے Queenslandمیں کھیلے جا رہے چوتھے میچ میں میزبان آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

-------------------------------

Music

اب خبریں تفصیل سے............

Day Bihar Polling

بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں 18 ضلعوں کے 121 حلقوں میں ووٹ ڈالے جانے کا عمل خوش اسلوبی سے جاری ہے۔ دن کے ایک بجے تک 42 اعشاریہ تین ایک فیصد رائے دہندگان نے اپنے ووٹ ڈال لئے تھے۔ JDU کے صدر اور بہار کے وزیرِ اعلیٰ نتیش کمار، BJPرہنما اور نائب وزیرِ اعلیٰ سمراٹ چودھری، BJPرہنما اور امورِ خارجہ کے مرکزی وزیر مملکت نتیا نند رائے، لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) کے سربراہ چراغ پاسوان اور VIP کے سربراہ اور

مہاگٹھ بندھن کے نائب وزیرِ اعلیٰ کے امیدوار مکیش ساہنی نے اپنے ووٹ ڈالے۔ آزادانہ، منصفانہ اور پُر امن پولنگ کو یقینی بنانے کیلئے وسیع حفاظتی انتظامات کئے گئے ہیں۔

مزید جانکاری کیلئے اب ہم بات کرتے ہیں، بہار میں موجود اپنے نامہ نگار دھرمیندر رائے سے ...

دھرمیندر، اِس وقت پولنگ کی کیا صورتحال ہے؟

شکریہ دھرمیندر...

## PM Message

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بہار کے رائے دہندگان سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اسمبلی انتخابات میں پورے جوش و خروش کے ساتھ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں، جناب مودی نے، خاص طور سے ریاست کے، اُن سبھی نوجوان ووٹروں کو مبارکباد دی، جو پہلی بار اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کررہے ہیں۔x

## Bihar ECI

بہار کے اعلیٰ انتخابی افسر نے راشٹریہ جنتا دَل، RJDکے اِن الزامات کو آج مسترد کردیا کہ بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے دوران بعض پولنگ مراکز پر جان بوجھ کر بجلی کاٹی گئی۔ انہوں نے اِن دعووں کو بالکل بے بنیاد اور گمراہ کن قرار دیا۔ سوشل میڈیا پر ڈالی گئی RJD کی پوسٹ کے جواب میں اعلیٰ انتخابی افسر کے دفتر نے واضح کیا کہ پوری ریاست میں ووٹنگ خوش اسلوبی سے جاری ہے اور یہ کہ بھارت کا انتخابی کمیشن منصفانہ اور شفاف انتخابی عمل کو یقینی بنا رہا ہے۔

RJDنے الزام لگایا تھا کہ مہا گٹھ بندھن اتحاد کے مضبوط گڑھ مانے جانے والے بوتھوں پر بجلی وقفے وقفے سے کاٹی جارہی ہے تاکہ ووٹنگ کی رفتار سست کی جاسکے۔x

## ECI Delagates

سات ملکوں کے 16 مندوبین نے آج بھارت کے انتخابی کمیشن کی جانب سے بہار اسمبلی انتخابات کیلئے کرائے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انڈونیشیا، کولمبیا، فلپنس، فرانس، بیلجیم، جنوبی افریقہ اور تھائی لینڈ کے اِن وفود کے دورے کا اہتمام بھارت کے چناوٴ کمیشن کے انٹر نیشنل Electors Visitorپروگرام کے تحت کیا گیا ہے۔ تھائی لینڈ کے ایک وفد نے پٹنہ میں ایک پولنگ بوتھ کا دورہ کیا۔x

## Bihar Second Phase Campaigning

بہار میں دوسرے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم زور و شور سے جاری ہے۔**NDA** ، مہاگٹھ بندھن اور دوسری سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ اور اعلیٰ رہنما آج اُن حلقوں میں مختلف چناؤ جلسوں سے خطاب کررہے ہیں، جہاں انتخابات ہونے والے ہیں۔

**BJP**کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اَرریا میں ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، **RJD**پر اُس کی حکومت کے دوران نِراج اور ترقی پر بالکل توجہ نہ دینے کا الزام لگایا۔ انہوں نے سوال کیا کہ پورے بہار میں کتنی شاہراہیں، پُل، اسپورٹس کمپلیکس اور سیاحوں کے مراکز تعمیر کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس کا جواب صفر ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ **1990** سے **2005** تک **RJD** کی حکمرانی کے دوران بہار نے نِراج کا سامنا کیا، جس نے بہار کو پوری طرح برباد کردیا۔

بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں رائے دہندگان کی سرگرم شرکت کو سراہتے ہوئے، وزیرِ اعظم مودی نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ اپنے اپنے گھروں سے باہر آئیں اور بڑی تعداد میں ووٹ ڈالیں۔

**SB - PM Narendra Modi**

مرکزی وزیر امت شاہ آج مغربی چمپارن، مشرقی چمپارن اور مدھوبنی ضلعوں میں چناؤ جلسوں سے خطاب کریں گے۔ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ آج مشرقی چمپارن اور سیتامڑھی ضلعوں میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔

مہاگٹھ بندھن کے وزیر اعلیٰ کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو آج مدھوبنی، **Supaul**، کشن گنج، کٹیہار اور پورنیہ ضلعوں میں **18** انتخابی جلسوں سے خطاب کرنے والے ہیں۔**x**

**Navy Ikshak Commionsing**

بھارتی بحریہ، بحری کشتی **Ikshak** کو آج باضابطہ طور پر خدمات میں شامل کرے گا۔ کوچی بحری اڈے پر منعقد ہونے والی اِس تقریب میں بحری عملے کے سربراہ ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی موجود رہے گے۔ وزارت دفاع نے بتایا کہ **Ikshak** کی بدولت بھارتی بحریہ کی ہائیڈرو گرافک صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا، کیونکہ یہ سروے کرنے والی کشتیوں کے زمرے کی تیسری اور جنوبی بحری کمانڈ میں مقیم پہلی کشتی ہوگی۔**x**

**Israel Hamas**

اسرائیل کے وزیر دفاع اسرائیل **Katz** نے کہا ہے کہ اسرائیل، غزہ کے اپنے کنٹرول والے علاقوں سے حماس کارندوں اور اُن کی سرنگوں کا صفایہ جاری رکھے گا اور اِس کام کی کوئی حد نہیں ہوگی۔ اسرائیلی وزیر دفاع کے یہ تبصرے اُن رپورٹس کی تناظر میں آئے ہیں کہ امریکہ، رفح میں پھنسے ہوئے حماس دہشت گردوں کو غزہ کی پٹی میں حماس کے کنٹرول والے علاقوں میں واپس آنے دینے کی اسرائیل سے گزارش کر رہا ہے۔ **Katz** نے کہا کہ حماس کو غیر مسلح کرنا، غزہ کو غیر فوجی خطہ بنانا اور یرغمال افراد کی لاشوں کی واپسی، اب بھی اسرائیل کا مقصد بنا ہوا ہے۔ اسرائیل سراغ رساں اداروں کے مطابق رفح کے نیچے بنی سرنگوں میں حماس کے تقریباً

دو سو مسلح جنگجو روپوش ہیں۔ جنوبی اسرائیل پر 7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملے میں قریب بارہ سو لوگوں کی موت ہوگئی تھی اور 252 اسرائیلی اور غیر ملکی شہریوں کو یرغمال بنا لیا گیا تھا۔

اسرائیل کے پانچ شہریوں اور دو غیر ملکیوں کی لاشیں اب بھی حماس کے قبضے میں ہیں۔x

**Defence Secretary Israel Visit**

دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ کی قیادت میں ایک بھارتی وفد نے آج اسرائیل میں اہم اسرائیلی دفاعی کمپنیوں کا دورہ کیا تاکہ مشترکہ تیاری اور مشترکہ ترقی کیلئے گنجائش تلاش کی جاسکے۔ وزارتِ دفاع نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کہا ہے کہ دورے کا مقصد موجودہ ساجھیداری کو مستحکم کرنا اور آتم نربھر بھارت پہل کو فروغ دینا ہے۔x

**Sansad Khel Mohatsav**

کارپوریٹ امور کے وزیرِ مملکت ہرش ملہوترا نے آج اعلان کیا کہ سَنسد کھیل مہوتسو کے ایک حصے کے طور پر نَمو رَن میراتھن کا انعقاد، اِس مہینے کی 16 تاریخ کو نئی دلّی میں کیا جائے گا۔ سَنسد کھیل مہوتسو کا افتتاح کرتے ہوئے، وزیرِ موصوف نے کہا کہ تقریباً 30 ہزار افراد نے کھیل مہوتسو کیلئے اندراج کرایا ہے۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب ملہوترا نے مزید کہا کہ تین مرحلوں کے اِس پروگرام میں اولمپک میں رجسٹرڈ اور بھارتی روایتی کھیلوں دونوں کا اہتمام کیا جائے گا۔ وزیرِ موصوف نے مزید کہا کہ جو شرکاء ٹورنامنٹ میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے، انہیں اچھے کوچ، ساز و سامان اور تمام سہولتوں سے آراستہ اسٹیڈیم میں کھیلنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔

جناب ملہوترا نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اِس قدم سے نوجوانوں کو اپنے ہنر کے فروغ اور عالمی سطح پر ملک کی شان میں اضافہ کرنے میں مدد ملے گی۔

**SB - Harsh Malhotra**

**Phillippines Typhoon**

فلیپنز کے صدر Ferdinand Marcos جونیئر نے سمندری طوفان Kalmaegi سے ہوئی تباہی کے بعد آج ملک میں ایمرجنسی کا اعلان کردیا ہے۔ فلیپنز کے وسطی صوبوں میں آئی اِس سال کی سب سے تباہ کُن قدرتی آفت میں اب تک کم از کم 114 لوگوں کی موت ہوگئی جبکہ سینکڑوں لوگ لاپتہ ہیں۔ زیادہ تر اموات اچانک آئے سیلاب میں ڈوبنے سے ہوئی ہیں جبکہ 127 لوگ لاپتہ بتائے جاتے ہیں جن میں سے زیادہ تر کا تعلق سب سے زیادہ متاثر وسطی صوبے Cebuسے ہے۔ اِس سمندری طوفان نے کَل جنوبی بحیرۂ چین کے جزیرہ نما میں تباہی مچائی۔

سمندری طوفان کی وجہ سے تقریباً 20 لاکھ لوگ متاثر ہوئے ہیں اور پانچ لاکھ 60 ہزار سے زیادہ گاؤں والوں کو نقلِ مکانی ہونے پر مجبور ہونا پڑا۔ شہری دفاع کے دفتر کے مطابق اِن میں سے تقریباً ساڑھے چار لاکھ لوگوں کو ایمرجنسی پناہ گاہوں میں منتقل کیا گیا۔

طوفان سے نمٹنے والے افسران کے ساتھ میٹنگ میں صورتحال کا جائزہ لینے کے دوران صدر Marcosنے قدرتی آفت سے متعلق قومی ایمرجنسی کا اعلان کیا۔ اِس کے تحت حکومت کے لئے ایمرجنسی Funds کی تیز رفتار تقسیم ممکن ہو سکے گی اور غذائی اشیا کی ذخیرہ اندوزی اور زیادہ قیمتوں پر اُن کی فروخت کی روک تھام کی جا سکے گی۔x

**PM Women Cricket**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل لوک کلیان مارگ پر واقع اپنی رہائش گاہ پر خواتین عالمی کپ کی چمپئنز کی میزبانی کی۔ جناب مودی نے شاندار کامیابی حاصل کرنے پر خواتین کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی اور تین میچوں میں ہار کے بعد ٹورنامنٹ میں بہترین واپسی کیلئے اُن کی ستائش کی۔ وزیر اعظم نے کھلاڑیوں پر زور دیا کہ وہ ملک بھر میں خاص طور پر لڑکیوں کیلئے فِٹ انڈیا کے پیغام کو آگے لے جائیں۔ جناب مودی نے موٹاپے کے بڑھتے ہوئے مسئلے کے بارے میں بات کی اور فِٹ رہنے کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے کھلاڑیوں سے کہا کہ وہ اپنے اپنے اسکول جائیں اور وہاں نوجوان ذہنوں کو تحریک دیں۔ میٹنگ کے دوران کپتان ہرمن پریت کور نے 2017 میں جناب مودی سے اپنی ملاقات کو یاد کیا، جب انھوں نے وزیر اعظم سے بنا ٹرافی کے ملاقات کی تھی۔

ہرمن پریت کور نے امید ظاہر کی کہ وہ مزید ٹرافی کے ساتھ اُن سے ملتی رہیں گی۔ نائب کپتان اِسمرتی مندھانا نے کہا کہ وزیر اعظم نے اُنہیں تحریک دی تھی اور وہ ان سبھی کھلاڑیوں کیلئے تحریک کا باعث رہے ہیں۔

**SB-Harmanpreet Kaur/ Smriti Mandhana**

**Men's Cricket**

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان پانچ میچوں کی سیریز کا چوتھا ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ آج آسٹریلیا کے Queensland کے مقام پر Carrara Oval میں کھیلا جارہا ہے۔ آسٹریلیا نے ٹاس جیتا اور گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارت نے تیسرے اوور تک بغیر کسی نقصان کے 18 رَن بنا لئے تھے۔

فی الحال سیریز ایک - ایک سے برابر ہے۔ پہلا میچ بارش کے سبب منسوخ کردیا گیا تھا۔x

* * *